# خارجہ سیکریٹری کا بنگلہ دیش کا سرکاری دورہ (08-09 مئی 2024)

09 مئی 2024

خارجہ سکریٹری جناب ونئے کواترا نے 08-09 مئی 2024 تک بنگلہ دیش کا سرکاری دورہ کیا۔ جنوری 2024 میں نئی حکومت کی تشکیل کے بعد بنگلہ دیش کا یہ پہلا سرکاری دورہ تھا۔

2. رواں دورے کے دوران سکریٹری خارجہ نے وزیر اعظم شیخ حسینہ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر حسن محمود سے ملاقات کی۔ انھوں نے اپنے ہم منصب جناب مسعود بن مومن سے بھی ملاقات کی۔

3. بنگلہ دیش کا دورہ ہندوستان کی 'پڑوسی سب سے پہلے' پالیسی کے تحت دی گئی اعلیٰ ترجیح کے مطابق ہے۔ دورے کے دوران سکریٹری خارجہ نے سیاسی و سلامتی، پانی، تجارت اور سرمایہ کاری، بجلی اور توانائی، دفاع، رابطے اور ذیلی علاقائی تعاون سمیت وسیع تر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا۔

4. بنگلہ دیش ہندوستان کا سرکردہ ترقیاتی شراکت دار اور خطے میں اس کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ سکریٹری خارجہ کے دورے سے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کو تیز کرنے کی توقع ہے۔

**نئی دہلی**
**09 مئی 2024**